At this point I would also like to point out what appears before all else to be the result of sincere and complete obedience to the Holy Prophet, may peace and blessings of Allah be upon him. Bear in mind that it is the **'rightly-inclined heart';** that is, the love of the world leaves the heart and it becomes desirous of the eternal and everlasting bliss. Subsequent to this, pure and perfect love of God is achieved as a result of this rightly-inclined heart. And all these bounties are bestowed as a consequence of following the Holy Prophet, may peace and blessings of Allah be upon him, by way of his heritage, as Allah says:

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ.[1]

Meaning, tell them that if you love God, obey me, so that God may also love you. Indeed, the profession of one-sided love is a blatant lie and pretence and idle talk. When a person truly loves God, then God loves him too; then the breeze of acceptance swirls in the world for him, his love is put in the hearts of thousands and he is granted a power of attraction, and he is given a light that always accompanies him. When a person loves God with sincerity and adopts Him above all else, when everything besides God ceases to have any esteem or respect for him, indeed when he considers everything else to be worse than even a dead worm, then God, who sees his heart, descends upon him with His mighty glory. Just as a polished mirror reflects the sun perfectly that it can be said figuratively and metaphorically that the same sun which is in the sky also resides in the mirror, in the same way God descends on such a heart and makes his heart the seat of His Throne. This alone is the purpose for which man has been created.

Those who were perfectly righteous have been called sons of God in the previous Scriptures. That, too, does not mean that they were actually the sons of God; such a thing would be blasphemous, as God is above and beyond sons and daughters. Such expressions mean that God

1. *Sūrah Āl-e-'Imrān,* 3:32 [Publisher]

had descended as a reflection in the clear mirrors of those righteous personages. The reflection of a person in a mirror is, metaphorically speaking, his son; for as a son is born of his father, a reflection is born of its original. Thus when a reflection of the manifestations of God appears in a heart that is extremely pure without any remnant of stain, the reflection becomes, metaphorically, a son of the original. That is why Ya'qūb [Jacob] was called the son of God—even the firstborn of God—in the Torah, and 'Īsā Ibn-e-Maryam [Jesus, son of Mary] was called 'son' in the Gospels. If Christians had confined themselves to describing 'Īsā as the son of God, just as Ibrāhīm, Isḥāq, Ismā'īl, Ya'qūb, Yūsuf, Mūsā, Dāwūd, Sulaimān, etc. were metaphorically called sons of God in the Scriptures of God, there would have been no objection to it. Just as these Prophets were metaphorically called sons of God in the Books of previous Prophets, so is the Holy Prophet, may peace and blessings of Allah be upon him, called God in some prophecies.

The truth is that all these descriptions are metaphorical as expressions of love; none of those Prophets is a son of God, nor is the Holy Prophet, may peace and blessings of Allah be upon him, God. Such expressions abound in the words of God. When a person becomes so absorbed in his love for God Almighty that his self disappears altogether, such expressions are applied to him in this state of annihilation since, in this state, his own person ceases to exist altogether as Allah the Almighty says in the Holy Quran:

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا .[1]

Meaning that: Tell these people, O my servants! Despair not of the mercy of Allah; God will forgive all sins.

It may be noted that in this verse, يَاعِبَادِىْ [O my servants] has been used in place of يَا عِبَادَ اللّٰهِ [O servants of Allah] while people are servants of God and not servants of the Holy Prophet, may peace and

1. *Sūrah az-Zumar,* 39:54 [Publisher]

blessings of Allah be upon him. The expression has been used here in the metaphorical sense.

Again God says:

إِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ۭ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ .[1]

Meaning that: Verily, those who swear allegiance to you, indeed swear allegiance to Allah. It is the hand of Allah that is over their hands.

In these verses, the hand of the Holy Prophet, may peace and blessings of Allah be upon him, has been described as the hand of God. But obviously, it is not the hand of God [in the literal sense].

Again, Allah says:

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا .[2]

'Therefore remember Allah as you remember your fathers...' Thus here God has been likened to a father. This metaphor has been used only to communicate certain similarities.

The Jews have also been quoted in the Holy Quran as saying:

نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَ اَحِبَّآؤُهٗ .[3]

Meaning that, we are sons of God and His loved ones.

In response, God does not give any refutation of the word 'sons' as being a blasphemous foul talk. Instead, He retorts that if they are indeed beloved of God then why does God chastise them? And 'sons' is not even mentioned again. This shows that the beloveds of God were, in the language of the Jewish Scriptures, referred to as His sons also.

My purport of all this discussion is simply this that Allah the

1. *Sūrah al-Fatḥ*, 48:11 [Publisher]
2. *Sūrah al-Baqarah,* 2:201 [Publisher]
3. *Sūrah al-Mā'idah,* 5:19 [Publisher]

Exalted has laid down a condition that for Him to love anyone, such a one has to follow the Holy Prophet, may peace and blessings of Allah be upon him.[1☆] Accordingly, it is my personal experience that to obey the Holy Prophet, may peace and blessings of Allah be upon him, with a sincere heart and to love him, ultimately makes a person the beloved of God. God creates in his heart a burning for love for Him. Then such a person renounces everything else and inclines towards God; and his affection and aspiration remain only for God Almighty. Thereupon a special manifestation of the love of God falls upon him and, bestowing upon him the full essence of love, pulls him towards itself with strong passion. He, then, overcomes his corporeal passions, and extraordinary works of God Almighty appear as Signs in his support and assistance in every aspect.

I have presented an example of how to achieve [the love of God] by effort and application. But there are some individuals where effort, application, and hard work has nothing to do with their spiritual ranks. Even in the womb of their mothers, they have such a constitution that, without any effort or striving or hard work, they love God instinctively. And they come to have such a spiritual connection with His Messenger i.e. **Ḥaḍrat Muḥammad Muṣṭafā,** may peace and blessings of Allah be upon him, that anything closer cannot be imagined. As time passes, their inner fire of love and affection for God continues to grow stronger and, with it grows the fire of love for the Messenger of Allah. In all these matters God becomes their Guardian and Guarantor. When that fire of love and affection reaches its climax, they fervently and passionately desire that the glory of God be manifested upon the earth, and this becomes their greatest delight and ultimate purpose. Thereupon, Signs

1. ☆ Here the question might arise that: If the objective is righteous deeds, what is the need to follow [the Holy Prophet[sa]] to attain salvation and acceptance? The answer is that one can enact good deeds only through the grace of God. And since God has, in His grand wisdom, appointed one individual as the Leader and Messenger and commanded people to follow him, whosoever fails in this is not given the good fortune to perform righteous deeds. (Author)

of God Almighty appear on earth for them. God Almighty does not manifest His grand Signs for anyone, nor does He give grand news of the future to anyone except to those who are lost in His love, and are as desirous of the manifestation of His Oneness and Glory as He Himself is. It is unique to them that special divine mysteries are revealed to them and the unseen is disclosed to them with the utmost clarity. This special honour is not given to others.

اور میں اِس جگہ یہ بھی بتلاتا ہوں کہ وہ کیا چیز ہے کہ سچی اور کامل پیروی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب باتوں سے پہلے دل میں پیدا ہوتی ہے۔ سو یاد رہے کہ وہ **قلب سلیم** ہے یعنی دل سے دنیا کی محبت نکل جاتی ہے اور دل ایک ابدی اور لازوال لذت کا طالب ہو جاتا ہے۔ پھر بعد اس کے ایک مصفّٰی اور کامل محبت الٰہی بباعث اس قلب سلیم کے حاصل ہوتی ہے اور یہ سب نعمتیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی سے بطور وراثت ملتی ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے: قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ[1] یعنی اُن کو کہہ دے کہ اگر تم خدا سے محبت کرتے ہو تو آؤ میری پیروی کرو تا خدا بھی تم سے محبت کرے بلکہ یک طرفہ محبت کا دعویٰ بالکل ایک جھوٹ اور لاف وگزاف ہے۔ جب انسان سچے طور پر خدا تعالیٰ سے محبت کرتا ہے تو خدا بھی اُس سے محبت کرتا ہے۔ تب زمین پر اُس کے لئے ایک قبولیت پھیلائی جاتی ہے اور ہزاروں انسانوں کے دلوں میں ایک سچی محبت اُس کی ڈال دی جاتی ہے اور ایک قوت جذب اُس کو عنایت ہوتی ہے اور ایک نور اُس کو دیا جاتا ہے جو ہمیشہ اُس کے ساتھ ہوتا ہے۔ جب ایک انسان سچے دل سے خدا سے محبت کرتا ہے اور تمام دنیا پر اس کو اختیار کر لیتا ہے اور غیر اللہ کی عظمت ﴿۶۳﴾ اور وجاہت اُس کے دل میں باقی نہیں رہتی بلکہ سب کو ایک مرے ہوئے کیڑے سے بھی بدتر سمجھتا ہے۔ تب خدا جو اُس کے دل کو دیکھتا ہے ایک بھاری تجلی کے ساتھ اُس پر نازل ہوتا ہے اور جس طرح ایک صاف آئینہ میں جو آفتاب کے مقابل پر رکھا گیا ہے آفتاب کا عکس ایسے پورے طور پر پڑتا ہے کہ مجاز اور استعارہ کے رنگ میں کہہ سکتے ہیں کہ وہی آفتاب جو آسمان پر ہے اس آئینہ میں بھی موجود ہے۔ ایسا ہی خدا ایسے دل پر اُترتا ہے اور اُس کے دل کو اپنا عرش بنا لیتا ہے۔ یہی وہ امر ہے جس کے لئے انسان پیدا کیا گیا ہے۔ پہلی کتابوں میں جو کامل راستبازوں کو خدا کے بیٹے کر کے بیان کیا گیا ہے اس کے بھی یہ معنے نہیں ہیں کہ وہ درحقیقت خدا کے بیٹے ہیں کیونکہ یہ تو کفر ہے اور خدا بیٹوں اور بیٹیوں سے پاک ہے بلکہ یہ معنی ہیں کہ

[1] ال عمران: ۳۲

اُن کامل راستبازوں کے آئینہ صافی میں عکسی طور پر خدا نازل ہوا تھا۔ اور ایک شخص کا عکس جو آئینہ میں ظاہر ہوتا ہے استعارہ کے رنگ میں گویا وہ اس کا بیٹا ہوتا ہے کیونکہ جیسا کہ بیٹا باپ سے پیدا ہوتا ہے ایسا ہی عکس اپنے اصل سے پیدا ہوتا ہے۔ پس جبکہ ایسے دل میں جو نہایت صافی ہے اور کوئی کدورت اُس میں باقی نہیں رہی تجلّیات الٰہیہ کا انعکاس ہوتا ہے تو وہ عکسی تصویر استعارہ کے رنگ میں اصل کے لئے بطور بیٹے کے ہو جاتی ہے۔ اِسی بناء پر توریت میں کہا گیا ہے کہ یعقوب میرا بیٹا بلکہ میرا پہلوٹا بیٹا ہے اور عیسیٰ ابن مریم کو جو انجیلوں میں بیٹا کہا گیا۔ اگر عیسائی لوگ اِسی حد تک کھڑے رہتے کہ جیسے ابراہیم اور اسحاق اور اسمٰعیل اور یعقوب اور یوسف اور موسیٰ اور داؤد اور سلیمان وغیرہ خدا کی کتابوں میں استعارہ کے رنگ میں خدا کے بیٹے کہلائے ہیں۔

ایسا ہی عیسیٰ بھی ہے تو اُن پر کوئی اعتراض نہ ہوتا کیونکہ جیسا کہ استعارہ کے رنگ میں ان نبیوں کو پہلے نبیوں کی کتابوں میں بیٹا کر کے پکارا گیا ہے۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بعض پیشگوئیوں میں خدا کر کے پکارا گیا ہے۔ اور اصل بات یہ ہے کہ نہ وہ تمام نبی خدا تعالیٰ کے بیٹے ہیں اور نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خدا ہیں بلکہ یہ تمام استعارات ہیں محبت کے پیرایہ میں۔ ﴿۶۴﴾
ایسے الفاظ خدا تعالیٰ کے کلام میں بہت ہیں۔ جب انسان خدا تعالیٰ کی محبت میں ایسا محو ہوتا ہے جو کچھ بھی نہیں رہتا تب اُسی فنا کی حالت میں ایسے الفاظ بولے جاتے ہیں کیونکہ اس حالت میں اُن کا وجود درمیان نہیں ہوتا جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا [1] یعنی اِن لوگوں کو کہہ کہ اے میرے بندو خدا کی رحمت سے نومید مت ہو خدا تمام گناہ بخش دے گا۔ اب دیکھو اِس جگہ يَا عِبَادَ اللّٰه کی جگہ يَا عِبَادِیْ کہہ دیا گیا حالانکہ لوگ خدا کے بندے ہیں نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بندے مگر یہ استعارہ کے رنگ میں بولا گیا۔

ایسا ہی فرمایا اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ [2] یعنی جو لوگ تیری بیعت کرتے ہیں وہ درحقیقت خدا کی بیعت کرتے ہیں۔ یہ خدا کا ہاتھ ہے

[1] الزمر:۵۴ [2] الفتح :۱۱

جواُن کے ہاتھوں پر ہے۔اب ان تمام آیات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ خدا کا ہاتھ ٹھیرایا گیا مگر ظاہر ہے کہ وہ خدا کا ہاتھ نہیں ہے۔

ایسا ہی ایک جگہ فرمایا: فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا[1] پس تم خدا کو یاد کرو جیسا کہ تم اپنے باپوں کو یاد کرتے ہو۔ پس اِس جگہ خدا تعالیٰ کو باپ کے ساتھ تشبیہ دی اور استعارہ بھی صرف تشبیہ کی حد تک ہے۔

ایسا ہی خدا تعالیٰ نے یہودیوں کا ایک قول بطور حکایت عن الیھود قرآن شریف میں ذکر فرمایا ہے اور وہ قول یہ ہے کہ نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ[2] یعنی ہم خدا کے بیٹے اور اُس کے پیارے ہیں۔ اِس جگہ ابناء کے لفظ کا خدا تعالیٰ نے کچھ رد نہیں کیا کہ تم کفر بکتے ہو بلکہ یہ فرمایا کہ اگر تم خدا کے پیارے ہو تو پھر وہ تمہیں کیوں عذاب دیتا ہے اور ابناء کا دوبارہ ذکر بھی نہیں کیا۔ اِس سے معلوم ہوا کہ یہودیوں کی کتابوں میں خدا کے پیاروں کو بیٹا کر کے بھی پکارتے تھے۔ ﴿۶۵﴾

اب اِس تمام بیان سے ہماری غرض یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا کسی کے ساتھ پیار کرنا اِس بات سے مشروط کیا ہے کہ ایسا شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرے☆۔ چنانچہ میرا یہ ذاتی تجربہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سچے دل سے پیروی کرنا اور آپ سے محبت رکھنا انجام کار انسان کو خدا کا پیارا بنا دیتا ہے۔ اِس طرح پر کہ خود اُس کے دل میں محبت الٰہی کی ایک سوزش پیدا کر دیتا ہے۔ تب ایسا شخص ہر ایک چیز سے دل برداشتہ ہو کر خدا کی طرف جھک جاتا ہے اور اُس کا اُنس وشوق صرف خدا تعالیٰ سے باقی رہ جاتا ہے تب محبت الٰہی کی ایک خاص تجلی اُس پر پڑتی ہے اور اُس کو ایک پورا رنگ عشق اور محبت کا دے کر قوی جذبہ کے ساتھ اپنی طرف کھینچ لیتی ہے تب جذبات نفسانیہ پر وہ غالب آجاتا ہے اور اُس کی تائید اور نصرت میں ہر ایک

☆ اگر کوئی کہے کہ غرض تو اعمال صالحہ بجالانا ہے تو پھر ناجی اور مقبول بننے کیلئے پیروی کی کیا ضرورت ہے اِس کا جواب یہ ہے کہ اعمالِ صالحہ کا صادر ہونا خدا تعالیٰ کی توفیق پر موقوف ہے پس جبکہ خدا تعالیٰ نے ایک کو اپنی عظیم الشان مصلحت سے امام اور رسول مقرر فرمایا اور اُس کی اطاعت کے لئے حکم دیا تو جو شخص اس حکم کو پا کر پیروی نہیں کرتا اُس کو اعمال صالحہ کی توفیق نہیں دی جاتی۔ منہ

[1] البقرۃ:۲۰۱ [2] المائدۃ:۱۹

پہلو سے خدا تعالیٰ کے خارق عادت افعال نشانوں کے رنگ میں ظاہر ہوتے ہیں۔

یہ تو کسب اور سلوک کی ہم نے ایک مثال بیان کی ہے لیکن بعض اشخاص ایسے ہوتے ہیں کہ اُن کے مدارج میں کسب اور سلوک اور مجاہدہ کو کچھ دخل نہیں بلکہ اُن کی شِکم مادر میں ہی ایک ایسی بناوٹ ہوتی ہے کہ فطرتاً بغیر ذریعہ کسب اور سعی اور مجاہدہ کے وہ خدا سے محبت کرتے ہیں اور اُس کے رسول یعنی حضرت **محمد مصطفیٰ** صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایسا ان کو روحانی تعلق ہو جاتا ہے جس سے بڑھ کر ممکن نہیں اور پھر جیسا جیسا اُن پر زمانہ گذرتا ہے وہ اندرونی آگ عشق اور محبت الٰہی کی بڑھتی جاتی ہے اور ساتھ ہی محبت رسول کی آگ ترقی پکڑتی ہے اور اِن تمام امور میں خدا اُن کا متولّی اور متکفل ہوتا ہے اور جب وہ محبت اور عشق کی آگ انتہا تک پہنچ جاتی ہے تب وہ نہایت بے قراری اور دردمندی سے چاہتے ہیں کہ خدا کا جلال زمین پر ظاہر ہو اور اسی میں اُن کی لذت اور یہی اُن کا آخری مقصد ہوتا ہے تب اُن کے لئے زمین پر خدا تعالیٰ کے نشان ظاہر ہوتے ہیں اور خدا تعالیٰ کسی کے لئے اپنے عظیم الشان نشان ظاہر نہیں کرتا اور کسی کو آئندہ زمانہ ﴿۶۶﴾ کی عظیم الشان خبریں نہیں دیتا مگر اُنہیں کو جو اُس کے عشق اور محبت میں محو ہوتے ہیں اور اُس کی توحید اور جلال کے ظاہر ہونے کے ایسے خواہاں ہوتے ہیں جیسا کہ وہ خود ہوتا ہے۔ یہ بات اُنہیں سے مخصوص ہے کہ حضرت اُلوہیت کے خاص اسرار اُن پر ظاہر ہوتے ہیں اور غیب کی باتیں کمال صفائی سے اُن پر منکشف کی جاتی ہیں اور یہ خاص عزت دوسرے کو نہیں دی جاتی۔